**AQF / Fazil**

**07-03-2025**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں .................................. آسیہ میمونہ

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1 وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت کی حصولیابیوں اور کامیابیوں نے دنیا بھر میں امید کی ایک نئی کِرن پیدا کی ہے۔

2- وزیراعظم گجرات اور مرکز کے زیر انتظام علاقے دادرا اور نگر حویلی اور دمن اور دیو کے دو روزہ دورے پر رہیں گے۔

3- Generic ادویات کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کی خاطر آج جَن اوشدھی دیوس منایا جارہا ہے۔

4- ایشیاء کا سب سے بڑا ادبی فیسٹول ساہتیہ اُتسو آج سے نئی دلّی کے رابندر بھون میں شروع ہورہا ہے۔

5- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے میکسیکو اور کینیڈا کی درآمدات پر 25 فیصد محصول کو ایک ماہ کیلئے ملتوی کردیا ہے۔

6- اور فٹبال میں: سابق کپتان سنیل چھیتری ریٹائرمنٹ لینے کے بعد ایک مرتبہ پھر فیفا بین الاقوامی میچوں میں بھارت کی نمائندگی کریں گے۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔

**PM-PRIVATE EVENT**

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت کی حصولیابیوں اور کامرانیوں نے دنیا بھر میں امید کی ایک نئی کرن پیدا کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پوری دنیا کہہ رہی ہے کہ یہ دور بھارت کا ہے۔ نئی دلّی میں ایک نجی نیوز چینل کی جانب سے منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ بھارت آج عالمی ترقی کو رفتار دے رہا ہے اور ترقی کی راہ پر تیزی کے ساتھ گامزن ہے۔ وزیراعظم مودی نے کہا کہ آج بھارت بڑا سوچتا ہے، اہم اہداف مقرر کرتا ہے اور قابل قدر نتائج برآمد کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ دہائی میں بھارت دنیا کی پانچویں سب سے بڑی معیشت بنا اور اب وہ دنیا کی تیسری سب سے بڑی معیشت بننے کی جانب تیزی سے بڑھ رہا ہے۔

جناب مودی نے مزید اس بات کو اجاگر کیا کہ گزشتہ 10 برس میں بھارت دنیا کا دوسرا سب سے بڑا اسٹیل کی پیداوار کرنے والا، دنیا کا دوسرا سب سے بڑا موبائل تیار کرنے والا ملک اور تیسرا سب سے بڑا اِسٹارٹ اَپ ایکو نظام بن گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت شمسی توانائی کی صلاحیت والے پانچ سرکردہ ملکوں میں شامل ہے۔ وزیراعظم نے اس بات کا بھی ذکر کیا کہ حکومت سابقہ انتظامیہ کی رکاوٹوں کو دور کرنے کی مسلسل کوشش کررہی ہے اور انہوں نے خلاء کے شعبے کی مثال پیش کی۔×

**PM-GUJRAT VISIT**

وزیراعظم نریندر مودی آج سے گجرات اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں دادرا اور نگرحویلی اور دمن اور دیو کے دو روزہ دورے پر رہیں گے۔ اپنے دورے کے دوران جناب مودی گجرات کے سورت اور Navsari اور دمن کے Silvasa میں مختلف پروگراموں میں شرکت کریں گے۔ وزیراعظم Silvasa میں 2 ہزار 587 کروڑ روپے مالیت کے مختلف پروجیکٹوں کا افتتاح اور سنگ بنیاد رکھیں گے۔ وہ یہاں ایک عوامی میٹنگ سے خطاب بھی کریں گے۔ اس کے بعد وزیراعظم سورت جائیں گے، جہاں وہ خوراک کی یقینی فراہمی سے متعلق مہم کا آغاز کریں گے۔ کل جناب مودی Navsari میں خواتین کے عالمی دن کے موقع پر لکھ پتی دیدی سمّلین میں شرکت کریں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C Aparna Khunt**

*اپنے دورے کے پہلے دن وزیراعظم Silvasa میں 400 بستر والے نمو اسپتال اور تحقیقی مرکز کا افتتاح کریں گے۔ اس کے ساتھ ساتھ وزیراعظم مرکز کے زیر انتظام علاقے میں ایک ہزار 75 کروڑ روپے مالیت کے 25 پروجیکٹوں کا آغاز بھی کریں گے۔ وزیراعظم 510 کروڑ روپے مالیت کے 13 پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد بھی رکھیں گے۔ ان میں دمن میں 300 بستروں کی صلاحیت کے ساتھ Marwar اسپتال کے چار بلاکوں کی تعمیر، 12 نئے اسکولوں کی تعمیر اور دمن اور دیو میں سڑکوں کی تعمیر شامل ہے۔*

*احمدآباد سے اپرنا کُنٹھ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......*

**PM-JAN AUSHADI DIWAS**

آج جن اَوشدھی دیوس ہے۔ اس اسکیم کے بارے میں بیداری پیدا کرنے اور Generic دواؤں کے استعمال کو فروغ دینے کے مقصد سے یہ دن منایا جاتا ہے۔ ہر کسی کو کفایتی قیمت پر معیاری Generic ادویات فراہم کرنے کے مقصد سے پردھان منتری بھارتیہ جن اوشدھی پریوجنا شروع کی گئی تھی۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ کیمیکل اور کھاد کی وزارت کی جانب سے اس پہل کی حمایت میں ملک بھر میں ایک ہفتہ طویل سرگرمیوں کا اہتمام کیا گیا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ V-C Bhanu

پردھان منتری بھارتیہ جن اوشدھی Pariyojna کا آغاز نومبر 2008 میں کیا گیا تھا، جس کا مقصد جن اوشدھی کیندروں کے متعلقہ سینٹرس کے ذریعہ عوام کو کفایتی قیمتوں پر معیاری ادویات فراہم کرنا ہے۔ یہ اسکیم بازار سے 50 سے 80 فیصد کم قیمت پر دوائیں فراہم کرتی ہے۔ اس میں اس بات کو بھی یقینی بنایا جاتا ہے کہ دوائیں تصدیق شدہ کمپنیوں سے خریدی جائیں، تاکہ ان کے معیار سے کوئی سمجھوتہ نہ ہو پائے۔ اس پہل کے تحت شروع کئے گئے دیگر اقدامات میں محض ایک روپے میں Suvidha Sanitary Napkins بھی شامل ہے۔ ملک بھر کے سبھی اضلاع میں اس وقت 15 ہزار سے زیادہ جن اوشدھی کیندر کام کررہے ہیں اور اس اسکیم سے خود روز گار کے موقع بھی پیدا ہوئے ہیں۔

وی س بھانو پرتاپ سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

## HOME TRIBAL EXCHANGE

امور داخلہ کے وزیر مملکت نتیانند رائے نے کل نئی دلّی میں قبائلی نوجوانوں کے تبادلے کے پروگرام TYEP کے تحت تقریباً 200 قبائلی نوجوانوں کے ساتھ بات چیت کی۔ چھتیس گڑھ اور اڈیشہ کے قبائلی اضلاع سے تعلق رکھنے والے یہ نوجوان، فی الحال قومی راجدھانی کے دورے پر ہیں۔ وزیر موصوف نے کہا کہ بائیں بازو کی انتہا پسندی سے متاثرہ ضلعوں میں کافی ترقیاتی کام کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سڑکوں اور ریلویز کا نیٹ ورک تیار کیا گیا ہے۔ اِس کے علاوہ اِن ضلعوں میں نئے اسکول کھولے گئے ہیں۔

جناب رائے نے کہا کہ قبائلی برادریوں نے ملک کی آزادی کی لڑائی اور ہماری ثقافت کو محفوظ کرکے رکھنے میں بہت اہم تعاون دیا ہے۔ انہوں نے نواجوں سے اپیل کی کہ وہ 2047 تک بھارت کو ترقی یافتہ ملک بنانے کیلئے اپنا بھرپور تعاون دیں۔بات چیت کے دوران چھتیس گڑھ کے بستر ضلع کے تعلق رکھنے والی Phoolmani Kashyap نامی ایک قبائلی لڑکی نے بھی Youth Exchange Programme کے تعلق سے اپنے تجربات کا اشتراک کیا۔

امور داخلہ کے مرکزی سکریٹری گووِند موہن نے کہا کہ Tyep ملک کے 24 مختلف شہروں میں منعقد کیا گیا ہے، جس میں چار ہزار 800 قبائلی نوجوان پروگرام میں حصہ لے چکے ہیں اور دلّی میں یہ اس مہینے کی 2 تاریخ سے 8 تاریخ تک منعقد کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس پروگرام کا مقصد نوجوانوں کے جذبات وخواہشات کو فروغ دینا ہے اور انہیں مختلف ترقیاتی سرگرمیوں اور روز گار کے مواقع کے سلسلے میں بیدا کرنا ہے۔×

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**SAHITYA OTSAV**

ساہتیہ اکاڈمی اپنے سالانہ **Sahityaotsav Festival of Letters** کا انعقاد کر رہی ہے، جو ایشیاء کا سب سے بڑا ادبی فیسٹیول ہے۔ یہ فیسٹیول آج سے **12** مارچ تک جاری رہے گا۔ چھ روزہ طویل اس تقریب کا افتتاح آج نئی دلّی کے رابندر بھون میں ثقافت کے مرکزی وزیر گجیندر سنگھ شیخاوت کریں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے: **V/C - Akshit**

*ملک کے مختلف حصوں سے 50 سے زیادہ زبانوں کو نمائندگی کرنے والے 700 سے زیادہ ادیب اس فیسٹیول میں حصہ لیں گے۔ اس فیسٹیول میں 23 زبانوں میں باوقار ساہتیہ اکاڈمی ایوارڈ پیش کیے جائیں گے۔ اس پروگرام میں تقریباً 120 اجلاس ہوں گے۔ اس سال فیسٹیول کی تھیم ''بھارتی ادبی روایات'' ہے۔ اس میں نوجوان، خواتین، شمال مشرقی اور قبائلی، **LGBTQ** ادیبوں کے ساتھ ساتھ شعراء اور مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی معزز شخصیات بھی حصہ لیں گی۔ اس فیسٹیول کے دوران، وسیع تر موضوعات پر سرکردہ ادیب، شعراء، ترجمہ نگار، پبلیشرز اور ناقدین کی پیشکش، تحریریں اور مباحثے شامل ہوں گے۔ **Festival of Letters** ادب میں دلچسپی رکھنے والے سبھی افراد کے لیے کھلا ہے اور یہاں داخلہ مفت ہے۔*

*دلّی سے اکشت کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں......*

**MYSURU AKASHWANI**

آکاشوانی **Mysuru** آج اپنی **90** ویں سالگرہ منارہا ہے۔ **1935** میں، جس وقت میسورو شاہی ریاست تھی، جہاں پہلا ریڈیو اسٹیشن قائم کیا گیا۔ اس کے بعد سے آکاشوانی **Mysuru** پر مختلف سرکردہ ادبی شخصیات اور نامور موسیقاروں نے پروگرام پیش کئے۔ آج اس کی **90** ویں سالگرہ کے موقع پر ایک روزہ تقریبات کا اہتمام کیا گیا ہے۔ آکاشوانی اور نیوز سروسز ڈویژن کی ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر پرگیہ پالیوال گوڑ آج میسورو ریڈیو اسٹیشن میں ایک ثقافتی پروگرام کا افتتاح کریں گی۔×

**J&K-BUDGET**

جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی کا بجٹ اجلاس جموں میں جاری ہے۔ وزیراعلیٰ عمر عبداللہ، جن کے پاس وزارت خزانے کا قلمدان بھی ہے، آج اسمبلی میں بجٹ پیش کریں گے۔ سات سالوں میں یہ پہلی بار ہے، جب مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں وکشمیر کا بجٹ ریاستی قانون ساز اسمبلی میں پیش کیا جائے گا۔

مرکز کے زیر انتظام علاقے کا آخری بجٹ اس وقت کے PDP حکومت میں وزیرخزانہ ڈاکٹر Haseen Drabu نے فروری 2018 میں پیش کیا تھا۔ مرکز کی حکمرانی کے نفاذ کے بعد کے مالی سالوں کا بجٹ پارلیمنٹ میں پیش کیا جاتا رہا۔ یہ بجٹ اجلاس کُل 22 نشستوں پر مشتمل ہے۔ یہ اجلاس لیفٹیننٹ گورنر کے خطاب کے ساتھ تین مارچ کو شروع ہوا تھا اور کل وزیراعلیٰ کے جواب ساتھ یہ بحث تکمیل کو پہنچی۔ اب وزیرخزانہ، جو وزیراعلی بھی ہیں، بجٹ پر عام بحث کا جواب 11 مارچ کو دیں گے۔ اس کے بعد 12 سے 24 مارچ تک گرانٹس کے مطالبات پر بحث کی جائے گی۔ اس کے بعد اخراجات سے متعلق بلوں کو پاس کرنے کے بعد 25 مارچ کو بجٹ منظور کیا جائے گا۔ بجٹ کی منظوری کے بعد قانون ساز اسمبلی 12 کی تعطیل پر رہے گی۔ بجٹ اجلاس 11 اپریل کو اختتام پذیر ہوگا۔×

**TRUMP TARIFFS**

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے میکسیکو سے درآمد کی جانے والی کئی مصنوعات اور کینیڈا سے درآمد کی جانے والی کچھ مصنوعات پر 25 فیصد محصولات عائد کرنے کے اپنے فیصلے کو ایک مہینے کے لیے مؤخر کر دیا ہے۔ ٹرمپ نے کہا کہ وہ میکسیکو پر نافذ کیے گئے اپنے حالیہ محصولات کو 2 اپریل تک ملتوی کر رہے ہیں۔ یہ فیصلہ اُن کی میکسیکن ہم منصب Claudia Sheinbaum کے ساتھ ہوئی بات چیت کے بعد لیا گیا ہے۔ امریکی صدر نے کہا کہ فی الحال شمالی امریکہ تجارتی شراکت داری کے تحت ہونے والی امریکہ کی، میکسیکو اور کینیڈا کے درمیان ہونے والی تجارت پر نئے محصولات کا نفاذ نہیں ہوگا۔

Sheinbaum اور ٹرمپ کے درمیان ٹیلیفون پر ہوئی بات چیت کے بعد لیے گئے اس فیصلے کی Sheinbaum نے ستائش کی ہے۔ ٹرمپ نے زور دیا ہے کہ محصولات کا معاملہ، تجارتی خسارے کی بھرپائی سے حل ہو سکتا ہے۔

**EU LEADERS MEET**

یوروپی یونین کے رہنماؤں نے امریکہ کی جانب سے یوکرین کو فوجی امداد معطل کیے جانے کے تناظر میں بڑھتے ہوئے سلامتی تحفظات کے درمیان کل برسلز میں ہنگامی میٹنگ کی۔ میٹنگ کے دوران یوروپی یونین کے رہنماؤں نے، یوکرین کے تئیں اپنی دفاعی عہد بستگیوں کو مستحکم کرنے پر توجہ مرکوز کی اور یوکرین کو امداد جاری رکھنے کی یقین دہانی کرائی۔ یوروپی یونین کے رہنماؤں نے برِ اعظم کے دفاع کے لیے مل کر کام کرنے کے اپنے عزم کو بھی دوہرایا۔ اس میٹنگ میں یوکرین کے

صدر وولودیمیر زیلنسکی، یوروپی کمیشن کی صدرUrsula Von Der Leyen، یوروپی کونسل کے صدر انٹونیو کوسٹا اور فرانس کے صدر ایمونوئل میکروں موجود تھے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور یوکرینی صدر وولودیمیر زیلنسکی کے درمیان گزشتہ ہفتے واشنگٹن ڈی سی کے وہائٹ ہاؤس میں ہوئی ملاقات کے بعد 27 ملکوں کے یوروپی رہنماؤں کی یہ پہلی چوٹی ملاقات رہی۔ دونوں صدور کی ملاقات کے بعد ٹرمپ انتظامیہ نے یوکرین کی فوجی امداد پر روک لگانے کا اعلان کر دیا ہے اور یوکرین کے ساتھ انٹیلی جنس ساجھے داری کو بھی معطل کر دیا ہے۔×

## SUNIL CHHETTRI

آل انڈیا فٹ بال فیڈریشن نے اعلان کیا ہے کہ سابق بھارتی کپتان سنیل چھیتری اس مہینے مالدیپ اور بنگلہ دیش کے خلاف FIFA Internation Window Matches کے لیے قومی ٹیم میں واپسی کر رہے ہیں۔ اس سے پہلے چھیتری نے پچھلے سال جون میں کویت کے خلاف اپنا آخری Game کھیلتے ہوئے بین الاقوامی فٹ بال سے اپنی ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا تھا۔ تاہم چھیتری کی واپسی ایسے اہم موقع پر ہو رہی ہے، جب AFC Asian Suadi Arabia 2027 کے کوالیفائر کا تیسرا راؤنڈ ہونے والا ہے۔ بھارت، مالدیپ کے ساتھ 19 مارچ کو شیلونگ میں دوستانہ میچ کھیلے گا۔ اس کے بعد وہ اسی مقام پر اوپننگ کوالیفائر میں بنگلہ دیش کی میزبانی کرے گا۔×

## FOOTBALL ISL

انڈین سُپر لیگ فُٹبال میں پنجاب FC نے حیدرآباد FC کو تین-ایک شکست دی۔ یہ میچ حیدرآباد کے GMC Balayogi Athhletic Stadium میں کل رات کھیلا گیا۔ پنجاب کے Luka Majcen میچ کے کلیدی پرفارمر رہے۔ آج کیرالہ بلاسٹرس FC کا مقابلہ ممبئی سِٹیFC سے ہوگا۔ یہ میچ کوچی کے جواہر لال نہرو اسٹیڈیم میں شام ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائے گا۔×

## CRICKET-WPL

خواتین پریمیر لیگ کرکٹ میں ممبئی انڈینس نے، یو پی وارئرس کو 6 وکٹوں سے شکست دی۔ یہ میچ کل رات لکھنؤ کے بھارت رتنا شری اٹل بہاری باجپئی ایکانا کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلا گیا۔ پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے یو پی وارئرس نے مقررہ 20 اوورس میں 9 وکٹوں پر 150 رن بنائے۔ اس کے جواب میں ممبئی انڈینس نے 9 گیند پہلے ہی نشانہ حاصل کر لیا۔ سلامی بلّے باز میں Hayley Matthews کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ آج گجرات جائنٹس کا مقابلہ ڈیلی کیپیٹلس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے سے لکھنؤ میں کھیلا جائے گا۔×

**IMD - WEATHER**

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزروم اور سکم میں کچھ مقامات پر گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD کے مطابق آئندہ تین سے چار روز کے دوران ملک کے شمال مغربی اور وسطی حصے اور گجرات میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں رفتہ رفتہ تین سے پانچ ڈگری سیلسیس تک اضافے کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کونکن اور گوا ، کیرالہ اور ماہے، ساحلی کرناٹک، ساحلی آندھراپردیش اور Yanam میں کہیں کہیں گرم اور حبس والا موسم رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔×

**FISHERMEN**

مہاراشٹر کے پال گھر ضلعے کے زائی گاؤں کے 4 ماہی گیر، کشتی ڈوب جانے کے حادثے میں ہلاک ہو گئے۔ ماہی گیروں کی کشتی کے ساتھ حادثہ اُس وقت پیش آیا، جب یہ مچھلیاں پکڑنے کے لیے گجرات کے ساحل پر تھی۔ 4 ماہی گیر جائے حادثے پر ہی غرقاب ہو گئے اور دیگر 2 زخمی ہو گئے۔ یہ کشتی 18 فروری کو 10 ملّاحوں کے ساتھ گہرے سمندر میں ماہی گیری کے لیے گئی تھی۔ 16 دن تک ماہی گیری کرنے کے بعد یہ کشتی ساحل کی جانب واپس آرہی تھی۔ مقامی افراد مطالبہ کر رہے ہیں کہ انتظامیہ حادثے کی فوری جانچ کرے اور ماہی گیروں کی سلامتی کے لیے اقدامات کرے۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... ضمیر رضوی

شکریہ - آسیہ میمونہ

قومی راجدھانی دلّی سے آج شائع ہونے والے زیادہ تر اردو اخبارات نے مختلف خبروں کو نمایاں جگہ دی ہے۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا نے وزیر اعظم نریندر مودی کے اُس بیان کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے، جس میں انہوں نے اُتراکھنڈ کو ترقی یافتہ ریاست بنانے کے عہد کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا ہے کہ اس کام کے لیے مرکز اور ریاست کی ڈبل انجن والی حکومتیں مل کر کام کر رہی ہیں۔ روزنامہ ملاپ نے ہولی کے موقع پر مسافروں کی بڑی تعداد کے مدِّنظر دلّی اور بہار کے مختلف اسٹیشنوں کے درمیان ایک وندے بھارت سمیت 15 خصوصی ٹرینیں چلانے کی خبر کو نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔ اخبار کے مطابق مشرق وسطی ریلوے کے تعلقات عامہ کے افسر نے یہ اطلاع دی۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے آج سے نئی دلّی میں ایشیاء کے سب سے بڑے ادبی فیسٹیول، ساہتیہ مہوتسو 2025 کے آغاز کی خبر کو خصوصی طور پر جگہ دی ہے۔ مرکزی وزیر ثقافت و سیاحت گجیندر سنگھ شیخاوت اس مہوتسو کا افتتاح کریں گے۔ روزنامہ انقلاب نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے حماس کو دی گئی دھمکی کی خبر کو صفحۂ اوّل کی شہ سرخی بنایا ہے۔ صدر ٹرمپ نے انتباہ دیا ہے کہ اگر یرغمال افراد کو رِہا نہیں کیا گیا تو امریکہ، حماس کے سبھی افراد کو ختم کر دے گا۔ وہیں حماس نے اس دھمکی کو مسترد کرتے ہوئے اس کی مذمت کی ہے۔ روزنامہ پرتاپ نے اُترپردیش کے کوشامبی ضلع سے ببر خالصہ انٹرنیشنل کے دہشت گرد کی گرفتاری کی خبر کو نمایاں جگہ دی ہے۔ اخبار کے مطابق اترپردیش اور پنجاب پولیس کی مشترکہ ٹیم نے لاجرمسیح کو ایک آپریشن کے بعد گرفتار کیا۔×

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت کی حصولیابیوں اور کامیابیوں نے دنیا بھر میں امید کی ایک نئی کِرن پیدا کی ہے۔

2- وزیراعظم گجرات اور مرکز کے زیر انتظام علاقے دادرا اور نگر حویلی اور دمن اور دیو کے دو روزہ دورے پر رہیں گے۔

3- Generic ادویات کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کی خاطر آج جَن اوشدھی دیوس منایا جارہا ہے۔

4- ایشیاء کا سب سے بڑا ادبی فیسٹول ساہتیہ اُتسو آج سے نئی دلّی کے رابندر بھون میں شروع ہورہا ہے۔

5- امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے میکسیکو اور کینیڈا کی درآمدات پر 25 فیصد محصول کو ایک ماہ کیلئے ملتوی کردیا ہے۔

6- اور فٹبال میں: سابق کپتان سنیل چھیتری ریٹائرمنٹ لینے کے بعد ایک مرتبہ پھر فیفا بین الاقوامی میچوں میں بھارت کی نمائندگی کریں گے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---